
# متّی



# مئی 1

''اِنجیل کو آگے بڑھتے ہوئے دیکھنے کے لئے آپ کیا قیمت ادا کر رہے ہیں؟''

بہت عرصہ پہلے کسی دُور دراز علاقے میں کائنات کے ایک دولت مند اور نہایت زور آور بادشاہ نے اپنے دل میں بنی نوعِ اِنسان کے لئے اپنی محبت کی خوش خبری کو پھیلانے کی خواہش کو محسوس کیا۔ اُس نے اپنی قیمتی جائیداد یعنی اپنا بیٹا بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ وہ جانتا تھا کہ یہ خطرناک ہو گا لیکن اُس کی اِنسان تک پہنچنے کی خواہش گرم جوشی سے بھری تھی۔ خدا کو آپ کی جان بچانے کے لئے اپنے بیٹے کو قربان کرنا پڑا۔

کچھ سال گزرے کہ مَیں اور میرا بیٹا چین میں بائبل سمگل کر رہے تھے۔ اِس سے پہلے کہ ہم اپنا مشن جاری رکھتے، ایک رات قبل مَیں نے خواب دیکھا کہ میرا بیٹا اپنے حصے کے کام پر چلا گیا اور واپس نہ آیا۔ میرے بیٹے نے مجھے بتایا کہ اُس نے بھی ایک خواب دیکھا۔ اپنے خواب میں وہ جانتا تھا کہ جو کچھ مَیں نے اُسے کرنے کو کہا ہے، اگر وہ کچھ وہ کرے گا تو محفوظ رہے گا۔ مجھے خواب بتانے کے بعد میرا بیٹا مجھ سے بغل گیر ہوا اور دلیری سے لیکن دھیمے انداز میں آنسوؤں کے ساتھ بولا ڈیڈی، ''انجیل کو آگے بڑھتے ہوئے دیکھنے کے لئے آپ کیا قیمت ادا کرو گے؟'' تب وہ ٹرین میں بیٹھ گیا اور اُس نے اپنے سفر کا آغاز کیا۔

**آج کی دعا:** اے باپ! مَیں جانتا ہوں کہ تُو مجھے پیار کرتا ہے اور میری زندگی کے لئے تیرے پاس منصوبہ ہے۔ مجھے خوف پر غلبہ عطا کر دے تاکہ کسی بھی قیمت پر تیری مرضی بجا لاؤں۔ تیری خدمت کے لئے بلاوا میرے لئے اعزاز ہے۔ اِس لئے مَیں اپنی خودی کا انکار کر کے اپنی صلیب اُٹھا کر تیری پیروی کروں گا۔

**آج کی آیات:**

متی 46:13

''جب اُسے ایک بیش قیمت موتی ملا تو اُس نے جا کر جو کچھ اُس کا تھا سب بیچ ڈالا اور اُسے مول لے لیا۔''

1- کرنتھیوں 20:6

''کیونکہ تم قیمت سے خریدے گئے ہو۔ پس اپنے بدن سے خدا کا جلال ظاہر کرو۔''

# مئی 2

''بشارت وقت کے خلاف ایک دوڑ ہے۔''

گناہ گار لوگ ہر روز پیدا ہوتے ہیں اور ہم میں سے ہر ایک کو ایک ہی بار زندگی ملی ہے کہ خدا کی مرضی کو اور اپنی زندگی کے لئے خدا کے مقصد کو پورا کرسکیں۔ اِس سے پہلے ہم گھر تک پہنچیں، ہمیں اِس سیارے پرموجود ہر گھر تک پہنچنا ہے۔ دنیا میں بشارت کی ذمہ داری کو ایک ہی نسل کے زمانے میں پورا کیا جا سکتا ہے۔

خدا کے پوتے یا پوتیاں نہیں ہیں۔ اُس کے صرف فرزند ہیں اور ہر ایک کے پاس محدود وقت ہے کہ نجات پائے، مسیح میں بڑھے اور خدا کی بادشاہت میں روحوں کی فصل کے لئے پھل دار مزدور بنے۔ یہ آپ کا دن ہے، آپ کا وقت ہے۔ بشارت وقت کے خلاف ایک دوڑ ہے۔

**آج کی دعا:** اے عزیز خداوند! کھوئے ہوؤں کے لئے میرے دل میں ترس پیدا کر اور میری مدد کر کہ مَیں اپنی نسل کے لئے، تیری مرضی پر توجہ مرکوز رکھ سکوں۔ مجھے سکھا کہ مَیں آدمیوں کا شکارکروں اور مجھے حکمت دے کہ تیری بادشاہی کے لئے روحوں کو جیت سکوں۔

**آج کی آیات:**

2- کرنتھیوں 2:6

'' کیونکہ وہ فرماتا ہے کہ مَیں نے قبولیت کے وقت تیری سن لی اور نجات کے دن تیری مدد کی۔ دیکھو اب قبولیت کا وقت ہے۔ دیکھو یہ نجات کا دن ہے۔

افسیوں 5:15-17

''پس غور سے دیکھو کہ کس طرح چلتے ہو۔ نادانوں کی طرح نہیں بلکہ داناؤں کی مانند چلو۔ اور وقت کو غنیمت جانو کیونکہ دن بُرے ہیں۔ اِس سبب سے نادان نہ بنو بلکہ خداوند کی مرضی کو سمجھو کہ کیا ہے۔''

## مئی 3

''آپ کسی اَور شخص کا رستہ چل کر اپنا آپ بننے کی اُمید نہیں کر سکتے۔''

آپ کامل اور واحد شخصیت ہیں جس کو خدا نے آپ ہونے کے لئے بنایا ہے۔ کسی اَور شخص کے پاس وہ کام کرنے کا موقع نہیں جو آپ بہتر کر سکتے ہیں۔ آپ واحد اور ٹھیک طور سے اُس کام کو کرنے کے لئے کامل ہیں جو خدا نے آپ کو کرنے کے لئے بنایا ہے۔ خدا آپ کو ماں کے پیٹ میں بننے سے پہلے ہی جانتا تھا اور اُس نے آپ کو ایک مقصد کے لئے پیدا کیا ہے۔ ہمارے حصے کے انتخاب خدا نہیں کرتا، لیکن جو موقعے ہم اُسے دیتے ہیں وہ اُن کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں اپنے لئے بہترین شخص بناتا اور بہترین بننے کی صلاحیت دیتا ہے۔

آپ کسی اَور شخص کا رستہ چل کر اپنا آپ بننے کی اُمید نہیں کر سکتے۔ ہجوم کے پیچھے نہ جائیں اور نہ ہی کچھ بننے یا کسی کو متاثر کرنے کی کوشش کریں۔ آپ اپنا آپ بن کر ہی بہترین بن سکتے ہیں۔ اور آپ اِس کام کے لئے واحد اور کامل اُمیدوار ہیں۔۔۔ خدا کو اجازت دیں کہ آپ کو کامل کرے۔

**آج کی دعا:** اے خداوند! مجھے دِکھا کہ مَیں کیسے وہ لے کر جو تُو نے مجھے دیا ہے اور اپنے بہترین کو تیرے جلال کے لئے استعمال کر سکوں۔ تُو میری طاقت اور کمزوری کو جانتا ہے۔ مجھے چھپا لے، میری رہنمائی کر اور مجھے میرا بہترین حاصل کرنے میں مدد کر۔ مَیں اپنی پوری زندگی تجھے دیتا ہوں۔

**آج کی آیات:**

زبور 8:138

''خداوند میرے لئے سب کچھ کرے گا۔ اے خداوند! تیری شفقت ابدی ہے۔ اپنی دستکاری کو ترک نہ کر۔''

فلپیوں 6:1

''اور مجھے اِس بات کا بھروسا ہے کہ جس نے تم میں نیک کام شروع کیا ہے وہ اُسے یسوع مسیح کے دن تک پورا کر دے گا۔''

فلپیوں 13:2

''کیونکہ جو تم میں نیت اور عمل دونوں کو اپنے نیک ارادہ کو انجام دینے کے لئے پیدا کرتا ہے وہ خدا ہے۔''

یرمیاہ 5:1

''اِس سے پیشتر کہ مَیں نے تجھے باطن میں خلق کیا مَیں تجھے جانتا تھا اور تیری ولادت سے پہلے تجھے مخصوص کیا اور قوموں کے لئے نبی ٹھہرایا۔''

# مئی 4

''ہر رستہ کہیں نہ کہیں لے کر جاتا ہے۔''

ہم اُن رستوں کا انتخاب کرتے ہیں جن پر ہم کو چلنا ہوتا ہے اور اِس کی ایک واضح وجہ بھی ہے۔۔۔ رستوں کا اِنتخاب ہمیں وہاں لے کر جاتا ہے جہاں ہم جانا چاہتے ہیں۔ ہر رستہ کہیں نہ کہیں لے کر جاتا ہے۔ منزلیں قابلِ پیش گوئی ہوتی ہیں، خاص طور پر تب جب ہمارے پاس نقشہ ہو یا دوسروں کی دی ہوئی ہدایات ہوں جو اُس رستے کو جانتے ہیں۔شاذ و نادر ہی ہوتا ہے کہ ہم قابلِ پیش گوئی منزل پر پہنچ کر شکایت کریں۔ زندگی کے رستے بھی اِس سے فرق نہیں۔ خدا کا کلام ہمیں نقشہ مہیا کرتا ہے اور اُس کے خادمین اکثر ہمیں ہدایات دیتے ہیں تاکہ ہم جان سکیں کہ اُس رستے پر آگے کیا ہے جس کو ہم نے چنا ہے۔

آپ کس طرف جا رہے ہیں؟ کیا آپ اُس رستے پر ہیں جو آپ کو کامیاب رشتے، ایک مضبوط شادی، خاندان اور ایک بہتر مستقبل تک لے جا سکتا ہے؟ اگر نہیں تو صرف ایک حل ہے۔۔۔ توبہ کریں۔

**آج کی دعا:** اے باپ! میری زندگی کے لئے ایک مخصوص منزل بنانے کا شکریہ۔ مجھے توفیق دے کہ اُس نقشے اور ہدات پر چل سکوں جو تُو مجھے دیتا ہے۔ میری مدد کر کہ مَیں ہر انتخاب اور اُس کی منزل پر غور کروں۔ میری مدد کر کہ مَیں دوسروں کی درست رہنمائی کر سکوں۔

**آج کی آیات:**

اَمثال 17:16

''راست کار آدمی کی شاہراہ یہ ہے کہ بدی سے بھاگے اور اپنی راہ کا نگہبان اپنی جان کی حفاظت کرتا ہے۔''

اَمثال 3:22

''ہوشیار بلا کو دیکھ کر چھپ جاتا ہے،لیکن نادان بڑھتے چلے جاتے اور نقصان اُٹھاتے ہیں۔''

یسعیاہ 9:55

''کیونکہ جس قدر آسمان زمین سے بلند ہے اُسی قدر میری راہیں تمہاری راہوں سے اور میرے خیال تمہارے خیالوں سے بلند ہیں۔''

# مئی 5

'' اِس سے فرق نہیں پڑتا کہ ہم کن حالات میں سے گزر رہے ہیں، لیکن فرق اِس سے پڑتا ہے کہ یہ حالات ہمیں کہاں لے کر جا رہے ہیں۔''

ہر رستہ کہیں نہ کہیں لے کر جاتا ہے۔ ہم جہاں پر جانا چاہتے ہیں وہاں تک کا سفر ہمیں اُن چیزوں سے گزر کر کرنا پڑتا ہے جنہیں ہم پسند نہیں کرتے تاکہ ہم اُن چیزوں تک پہنچ سکیں جو ہمیں پسند ہیں۔ اِس طرح کے لمحات میں ہمیں اپنے آپ کو یہ یاد کروانا چاہیئے کہ اِس سے فرق نہیں پڑتا کہ ہم کن حالات میں سے گزر رہے ہیں، لیکن فرق اِس سے نہیں پڑتا ہے کہ وہ حالات ہمیں کہاں لے کر جا رہے ہیں۔

مثال کے طور پر کسی کی بہت زیادہ پڑھنے لکھنے کی خواہش ہے کہ آخر میں وہ ڈاکٹر بن جائے۔ اگر یہ اُس کی منزل اور رستہ ہے جس پر جانے کا اُس نے انتخاب کیا ہے، تو ڈاکٹر بننے کے رستے پر اُس کو بہت سی ٹریننگ، سالوں کی تعلیم اور بے شک بہت سے مشکل اور پریشان کر دینے والے لمحات دیکھنے ہوتے ہیں۔ تاہم اِنسان اُن حالات سے گزرنا نہیں چاہتا جنہیں وہ پسند نہیں کرتا تاکہ وہ کچھ حاصل کر سکے جو اُس کو پسند ہے تو شاید پھر وہ کبھی زندگی سے خوش نہ ہو سکے گا۔

**آج کی دعا:** آسمانی باپ میری آنکھوں کو کھول دے تاکہ مَیں تجھ میں اپنی بلاہٹ کی اُمید کو جان سکوں۔ مَیں اِس بات پر توجہ دینا چاہتا ہوں کہ مَیں کہاں جا رہا ہوں نہ کہ اِس لمحے پر۔

**آج کی آیات:**

2- کرنتھیوں 4:17-18

'' کیونکہ ہماری دم بھر کی ہلکی سی مصیبت ہمارے لئے اَز حد بھاری اور ابدی جلال پیدا کرتی جاتی ہے جس حال میں کہ ہم دیکھی ہوئی چیزوں پر نہیں بلکہ اَن دیکھی چیزوں پر نظر کرتے ہیں کیونکہ دیکھی ہوئی چیزیں چند روزہ ہیں مگر اَن دیکھی چیزیں ابدی ہیں۔''

اَمثال 18:29

'' جہاں رُوَیا نہیں وہاں لوگ بے قید ہو جاتے ہیں ،لیکن شریعت پر عمل کرنے والا مبارک ہے۔''

# مئی 6

''آپ اُس شخص کی کبھی رہنمائی نہیں کر سکتے جس کو آپ کھو دینے کے لئے آمادہ نہیں۔''

خدا کی بادشاہی اُس طرح سے چلنے کے لئے بنی ہے جس طرح ہم اپنی افواج میں دیکھتے ہیں۔ فوج میں برتر لوگ، ماتحت، اُصول، ضابطے اور ذمہ داری کا احساس کرنے والے لوگ شامل ہوتے ہیں۔ فوج کی بنیادی بناوٹ یہ مطالبہ کرتی ہے کہ ہر شخص وہ کچھ کرے جو اُس کو کہا جاتا ہے۔ کچھ دن اُس کو انچارج بنایا جاتا ہے اور باقی دن وہ اپنے آپ کو کسی کے پیچھے چلتا پاتے ہیں۔ یہ دونوں چیزیں ہر کام مکمل کرنے کے لئے ضروری اور درست ہیں۔

غیر محفوظ رہنما جو اِس خوف سے احکامات جاری نہیں کرتے کہ اُن کے پیروکار شاید اُن کی بات نہیں مانیں گے وہ اصل میں کوئی رہنمائی نہیں کر رہے۔ یہ رہنما مقبول رائے اور شاید اُونچی آواز کے پیچھے چلتے ہیں اور ہر شخص کو اجازت دیتے ہیں کہ وہ کچھ کرے جو اُس کی آنکھوں میں ٹھیک ہے۔ یہ بادشاہت کا طریقہ نہیں۔ جب بھی آپ رہنمائی کرنے کے لئے بلائے جائیں تو مہربان، رحیم بنیں اور اصلاح لیں۔۔۔ لیکن اپنی قائلیت سے اُن کی رہنمائی کریں اور یہ یاد رکھیں کہ آپ اُس شخص کی کبھی رہنمائی نہیں کر سکتے جس کو آپ کھونے کے لئے تیار نہیں۔ رہنمائی نہ صرف فوج میں اِس بات کا مطالبہ کرتی ہے بلکہ ہماری زندگی پر بھی اِسی بات کا اِطلاق ہوتا ہے۔ ہمارے خاندانوں سے لے کر ہمارے کام کی جگہ تک اور ہماری شادی سے خدمت تک خدا رہنماؤں کو مقرر کرتا ہے۔

**آج کی دعا:** باپ! یسوع جیسا رہنما بننے میں میری مدد کر تاکہ مَیں اپنے بلائے جانے پر پُراعتماد ہوں۔ مجھے تیری قوت اور حکمت کی ضرورت ہے تاکہ اپنی خدمت کو پہچان سکوں۔ میری مدد کر کہ مَیں نرم مزاج رہوں، دوسروں کی باتوں پر غور کروں اور جب رہنمائی کرنے کے لئے بلایا جاؤں تو ثابت قدم رہوں۔ مجھے اُس وقت کے لئے بھی فضل دے جب تُو مجھے پیروی کے لئے کہتا ہے۔

**آج کی آیات:**

اعمال 15:37-41

''اور برنباس کی صلاح تھی کہ یوحنا کو جو مرقس کہلاتا ہے اپنے ساتھ لے چلیں۔ مگر پولُس نے یہ مناسب نہ جانا کہ جو شخص پمفیلیہ میں کنارہ کر کے اُس کام کے لئے اُن کے ساتھ نہ گیا تھا اُس کو ہمراہ لے چلیں۔ پس اُن میں ایسی سخت تکرار ہوئی کہ ایک دوسرے سے جدا ہوگئے اور برنباس مرقس کو لے کر جہاز پر کُپرس کو روانہ ہوا۔ مگر پولُس نے سیلاس کو پسند کیا اور بھائیوں کی طرف سے خداوند کے فضل کے سپرد ہو کر روانہ ہوا اور کلیسیاؤں کو مضبوط کرتا ہوا سُوریہ اور کلکیہ سے گزرا۔''

# 7 مئی

''اگر ایک چیز کا آغاز ہی غلط ہو تو وہ صرف وقت گزرنے کے ساتھ ٹھیک نہیں ہوسکتی۔''

اگر معمار ایک گھر بنائے اور اُس کی بنیاد ہی کمزور ہو تو وہ سارا گھر گر جائے گا۔ اگر کسی پارٹی کی سیاسی قیادت ہی خراب ہو تو اُس سے بھلائی کی اُمید نہیں کی جا سکتی۔ بُری چیزیں اگر چھوڑ دی جائیں تو وہ ٹھیک نہیں ہوتیں بلکہ اَور خراب ہو تی ہیں۔

وہ لوگ نیا چرچ شروع کر لیتے ہیں جو پچھلی جماعت کو توڑنے کا باعث بنے ہوتے ہیں۔ اگر یہ پودا بغاوت کے بیج کے ساتھ بویا جائے تو خطرہ ہے کہ چرچ مستقبل میں اَور ہی شکل اختیار کر لے گا، اُن کو مشکلات پیش آئیں گی اور وہ تفرقوں کا تجربہ کرتے رہیں گے۔ واحد پُراُمید علاج خدا سے معافی مانگنا ہے جو کہ چیتے کے نشانات کو تبدیل کرکے پُرانے سے نئے بنا سکتا ہے۔ ہماری روز مرہ کی زندگی کے اُصول اِس سے فرق نہیں: اگر ایک چیز کا آغاز ہی غلط ہو تو وہ صرف وقت گزرنے کے ساتھ ٹھیک نہیں ہوسکتی۔

آج کی دعا: باپ! مجھ پر وہ چیزیں ظاہر کر جن کا آغاز مَیں نے غلط کیا ہے۔ مَیں معافی مانگتا ہوں اور ہر کام جو مَیں کرتا ہوں اُس کی بنیاد مَیں تجھ پر رکھنا چاہتا ہوں۔ تُو میری مدد کر کہ مَیں پھر سے شروع کر سکوں۔ مجھے معاف کر جہاں مَیں نے تجھے مایوس کیا ہے اور میرے اندر ایک نیا اور زندگی کا رستہ بنا دے۔

آج کی آیات:

متی 10:3

''اور اب درختوں کی جڑ پر کلہاڑا رکھا ہوا ہے۔ پس جو درخت اچھا پھل نہیں لاتا وہ کاٹا اور آگ میں ڈالا جاتا ہے۔''

متی 23-22:6

''بدن کا چراغ آنکھ ہے۔ پس اگر تیری آنکھ درست ہو تو تیرا سارا بدن روشن ہو گا۔ اور اگر تیری آنکھ خراب ہو تو تیرا سارا بدن تاریک ہو گا۔ پس اگر وہ روشنی جو تجھ میں ہے تاریکی ہو تو تاریکی کیسی بڑی ہو گی!''

# مئی 8

## ''ایک دریا کبھی بھی اپنے منبع کی سطح سے اُوپر نہیں آ سکتا۔''

پانی بلندی سے پستی کی طرف بہتا ہے۔ یہ ایک الٰہی اُصول ہے جو کہ نہ صرف قدرتی چیزوں کے بارے میں بلکہ روحانی چیزوں کے بارے میں بھی بتاتا ہے۔ ہم سب اپنی زندگی، طاقت اور کامیابی کے منبع کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ دونوں انتخاب فائدہ مند اور اکثر کامیابی کے لئے ضروری بھی ہوتے ہیں۔ تاہم اِن میں سے کوئی منبع بھی معیاری نہیں۔

ایک دریا کبھی بھی اپنے منبع کی سطح سے اُوپر نہیں آ سکتا۔ آپ بھی اپنے منبع کی حد سے تجاوز نہیں کر سکتے ۔ تو زندگی کو اُس سے کیوں محدود کیا جائے جو کہ پیسا، طاقت اور پوزیشن آپ کے لئے کر سکتے ہیں۔ خدا جو سچائی کا واحد منبع ہے اُس کا انتخاب کر کے حدوں سے باہر نکلیں اور خدا کی مرضی پوری کرنے میں دوسروں کو مدد کرنے کی اجازت دیں۔

**آج کی دعا:** باپ تیرا شکر کرتا ہوں کہ میرے اندر منبع ہے اور مَیں اُسے بجھنے نہیں دوں گا۔ روح القدس کے لئے شکریہ جس کی حضوری ہر روز میرے اندر زیادہ ہوتی جا رہی ہے۔ مجھے دِکھا کہ مَیں اپنی زندگی میں کیا تبدیل کروں تا کہ منبع کے لئے رکاوٹ نہ بنوں۔ تیرا دریا مجھ میں اور مجھ سے بہے۔

**آج کی آیات:**

یوحنا 38:7

''جو مجھ پر ایمان لائے گا اُس کے اندر سے جیسا کہ کتاب مقدس میں آیا ہے زندگی کے پانی کی ندیاں جاری ہوں گی۔''

1- تیمتھیس 17:6

''اِس موجودہ جہان کے دولت مندوں کو حکم دے کہ مغرور نہ ہوں اور ناپایدار دولت پر نہیں بلکہ خدا پر اُمید رکھیں جو ہمیں لطف اُٹھانے کے لئے سب چیزیں اِفراط سے دیتا ہے۔''

# مئی 9

’’ دِکھائی دینے کے لئے کھڑے ہوں، سُنے جانے کے لئے بولیں، لیکن حوصلہ افزائی پانے کے لئے بیٹھ جائیں۔‘‘

یہ صلاح ایک جوان لڑکی کو اُس کے دادا نے اِس اُمید سے دی کہ وہ خدا کو خوش کرنے والی اور اِنسان کی پسندیدہ زندگی گزارے۔ خدا کے کلام کے اُصول سادہ لیکن عمیق بھی ہیں۔ ہمیں زندگی میں ٹھیک چیز کے لئے کھڑے ہونا چاہیئے تا کہ دوسرے واضح طور سے ہمارے جذبے اور قائلیت کو جان سکیں۔ ہمیں سُنے جانے کے لئے بولنا لازمی ہے، خاص طور پر جب کسی کو حتمی سمت کی ضرورت ہو۔ ہماری آواز اندھیرے میں رہنے والوں، حوصلہ ہارنے والوں اور زخمیوں کے لئے روشنی بن سکتی ہے۔

ہمیں دِکھائی دینے کے لئے کھڑے ہونا چاہیئے، سُنے جانے کے لئے بولنا چاہیئے، اور حوصلہ افزائی پانے کے لئے بیٹھ جانا چاہیئے۔ آسمان اور زمین دونوں غرور اور تکبر کا مقابلہ کرتے ہیں۔ اِس لئے ہمیں اپنے آپ کو خدا کے عظیم ہاتھ کے نیچے فروتنی سے رکھنا چاہیئے تا کہ ہم صرف اُس کے اچھے وقت میں سرفراز کئے جائیں۔

آج کی دعا: باپ! مجھے حوصلہ دے کہ جب تُو کہے تو مَیں کھڑا ہو جاؤں۔ مجھے ایسے پُر حکمت الفاظ دے جو فرق پیدا کر سکیں اور وقت کے ساتھ مجھے عاجزی بخش تا کہ مناسب وقت پر خاموشی اختیار کر سکوں۔ مَیں اُن موقعوں کے بارے میں حساس ہونا چاہتا ہوں جو تُو نے میری زندگی میں رکھے ہیں تا کہ دوسروں کے لئے برکت کا برتن بن سکوں۔

آج کی آیت:

اَمثال 27:17

’’ صاحبِ علم کم گو ہے اور صاحبِ فہم متین ہے۔‘‘

# 10 مئی

’’ آپ ایک ایسی کہانی لکھ رہے ہیں جو دوسرے ایک دن آپ کے بارے میں سنائیں گے۔‘‘

ہر شخص کی زندگی ایک کہانی بن جاتی ہے۔ پطرس رسول کی طرح آپ بھی ہمیشہ اُن ہی باتوں کے لئے جانے جائیں گے جو دوسرے آپ کے بارے میں یاد رکھتے ہیں۔بُرے فیصلے، غلط فیصلے اور بڑی بڑی غلطیاں بھی ایک مرحلے کی طرح دیکھی جانی چاہئے اور ہمیں اجازت نہیں دینی چاہئے کہ یہ ہمیں اپنی غلطیاں ٹھیک کرنے اور زندگی کا نیا باب لکھنے سے روکیں۔ پطرس کی زندگی کی کہانی مسیح کا انکار کرنے کے ساتھ ختم نہیں ہوگئی اور نہ داوٗد بادشاہ کی کہانی ایک دوست کے قتل کے ساتھ ختم ہوئی۔

بائبل کے کرداروں اور ماضی کے ہیروز کی طرح ہماری زندگی ہمارے آخری بدترین فیصلے پر ختم نہیں ہو جاتی۔آج ہی اپنا مستقبل خدا کو دیں۔ ماضی کو ماضی رہنے دیں اور زندگی کا ایک نیا باب لکھنا شروع کریں۔

**آج کی دعا:** باپ! مستقبل کے لئے نشان اور رُوَیا دینے کے لئے شکریہ۔مَیں چاہتا ہوں کہ میری زندگی ایسی تحریر بن جائے جسے صرف تُو لکھ سکے۔ مجھے فضل دے کہ مَیں تیری مرضی کو منعکس کرسکوں اور مجھے میرے عظیم دن کی طرف لے چل۔

**آج کی آیات:**

اَمثال 1:22

’’ نیک نام بے قیاس خزانے سے اور اِحسان سونے چاندی سے بہتر ہے۔‘‘

واعظ 1:7

’’ نیک نام بیش بہا عطر سے بہتر ہے اور مرنے کا دن پیدا ہونے کے دن سے۔‘‘

اَمثال 22:13

’’ نیک آدمی اپنے پوتوں کے لئے میراث چھوڑتا ہے پر گنہگار کی دولت صادقوں کے لئے فراہم کی جاتی ہے۔‘‘

# 11 مئی

''یہ ایک کڑوی سچائی ہے لیکن کئی بار ایک شخص سے جان چھڑوانا مسئلے سے جان چھڑوا سکتا ہے۔''

کیا آپ کبھی کسی کھلاڑی کی ٹیم کے ساتھ گئے ہیں جن کے پاس ایک ایسا کھلاڑی ہو جو غلطی کے بعد غلطی کرے اور اگر وہ تبدیل نہ ہو تو اِس کی قیمت اُن کو میچ ہار کر دینی پڑے؟ پھر اپنا کام کرنے ایک نیا کھلاڑی آ جاتا ہے اور صورتِ حال بہتر ہو جاتی ہے۔ کیا آپ کے دفتر میں کوئی ایسا ہے جو مسلسل آپ کے لئے مشکل کا باعث ہو؟ کیا آپ کی زندگی میں کوئی ایسا شخص ہے جو آپ کی وجہ سے مسلسل مشکل کا شکار ہے؟ کیا آپ ہی وہ شخص ہیں؟

یوناہ 1:12 '' تب اُس نے اُن سے کہا مجھ کو اُٹھا کر سمندر میں پھینک دو تو تمہارے لئے سمندر ساکن ہو جائے گا کیونکہ مَیں جانتا ہوں کہ یہ طوفان تم پر میرے ہی سبب سے آیا ہے۔'' کم سے کم یوناہ کو اِس بات کا احساس تھا کہ مشکل کی وجہ وہ ہے۔ آج ہی تبدیلی لائیں۔ اپنا پُرانا سفر کشتی سے باہر پھینک کر آج ہی نئے سِرے سے آغاز کریں۔ یہ لاتعداد موقعوں کے ساتھ نیا دن ہے۔ یہ ایک کڑوی سچائی ہے لیکن کئی بار ایک شخص سے جان چھڑوانا مسئلے سے جان چھڑوا سکتا ہے۔

آج کی دعا: باپ! میری مدد کر کہ مَیں حل بن سکوں نہ کہ مسئلہ۔ میری مدد کر کہ مَیں جواب بنوں نہ کہ سوال۔ مَیں کسی بہترین چیز کا حصہ ہوں۔ مجھے اپنے مقصد کے لئے، تیرے ساتھ رشتے کے لئے، میرے خاندان میں اور میری نوکری کے مقام پر عظیم بنا دے۔

آج کی آیات:

1- سموئیل 14:12

'' اگر تم خداوند سے ڈرتے اور اُس کی پرستش کرتے اور اُس کی بات مانتے رہو اور خداوند کے حکم سے سرکشی نہ کرو اور تم اور وہ بادشاہ بھی جو تم پر سلطنت کرتا ہے خداوند اپنے خدا کے پیرو بنے رہو تو خیر۔''

رومیوں 3:8

''اِس لئے کہ جو کام شریعت جسم کے سبب سے کمزور ہو کر نہ کر سکی وہ خدا نے کیا یعنی اُس نے اپنے بیٹے کو گناہ آلودہ جسم کی صورت میں اور گناہ کی قربانی کے لئے بھیج کر جسم میں گناہ کی سزا کا حکم دیا۔''

# مئی 12

''گو آپ ٹھیک بھی ہوں، تاہم عاجزی اور فضل کے بغیر بانٹی ہوئی حکمت خفگی پیدا کر سکتی ہے۔''

وہ لوگ جو اپنے آپ کو اکثر ٹھیک سمجھتے ہیں اُن کی عزت، حوصلہ افزائی اور پسند کئے جانے میں کمی آتی ہے۔ کئی بار یہ اِس لئے ہوتا ہے کہ باتوں کو عاجزی اور فضل کے بغیر بتایا جاتا ہے۔ ہم اُن لوگوں کا مقابلہ کرتے ہیں جو تکبر سے بھرے ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی اپنے جیسا بنا کے اَوروں کو کم تر محسوس کرواتے ہیں کیونکہ اُن کے پاس ٹھیک جواب نہیں ہوتا۔

جیسے ہم لوگوں کو مسیح کی طرف لاتے ہیں یہ ضروری ہے کہ ہماری زندگی سے احساسِ برتری ظاہر نہ ہو۔ خدا خود اپنی حکمت بانٹتا ہے تا کہ ہم اپنی چیزیں فروتنی اور فضل کے ساتھ ملامت کئے بغیر دوسروں کو دیں۔ دلیر اور پُر اعتماد ہوں لیکن مغرور نہیں۔

**آج کی دعا:** باپ! مَیں آج دلیری اور اعتماد کے ساتھ تجھ سے فروتنی کی روح مانگتا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں دوسروں سے ویسے ہی پیش آؤں جیسا مَیں چاہتا ہوں کہ لوگ مجھ سے پیش آئیں۔ رحم دلی کی شریعت میری زبان پر ہو جیسے جیسے مَیں دوسروں کو تیرا رستہ دکھاتا ہوں اور میرے کان بھی کھل جائیں تا کہ دوسروں کے ذریعے تیری صلاح لے سکوں۔

**آج کی آیات:**

یعقوب 2:3

'' اِس لئے کہ ہم سب کے سب اکثر خطا کرتے ہیں۔ کامل شخص وہ ہے جو باتوں میں خطا نہ کرے۔ وہ سارے بدن کو بھی قابو میں رکھ سکتا ہے۔''

1- پطرس 5:5

'' اے جوانو! تم بھی بزرگوں کے تابع رہو بلکہ سب کے سب ایک دوسرے کی خدمت کے لئے فروتنی سے کمر بستہ رہو اِس لئے کہ خدا مغروروں کا مقابلہ کرتا ہے مگر فروتنوں کو توفیق بخشتا ہے۔''

عبرانیوں 35:10

''پس اپنی دلیری کو ہاتھ سے نہ دو۔ اِس لئے کہ اُس کا بڑا اجر ہے۔''

# 13 مئی

''کسی شخص کی زندگی کو عوامی مقامات پر سرفراز کئے جانے سے پہلے زندگی کے خفیہ مقامات میں ٹیسٹ کیا جانا ضروری ہے۔''

بائبل کہتی ہے کہ اگر ہم تھوڑی اور چھوٹی چھوٹی چیزوں میں دیانت دار رہیں گے تو خدا ہمیں سنبھالنے کے لئے بڑی چیزیں بھی دے گا۔ لیکن کئی بار لگتا ہے کہ ہم ترقی نہیں کر رہے۔ یوسف اِس اُصول کو سمجھتا تھا اور اِسی لئے وہ وفادار رہا جب ایسا لگتا تھا کہ خدا نے اُسے چھوڑ دیا ہے۔ اُس کے بہترین دن کی طرف اُس کا سفر اُس کو گڑھے اور جیل میں سے گزار کر لایا، اِس سے پہلے کہ وہ محل تک آتا۔ یہ گڑھا اور جیل ہی وہ مقام تھے کہ یوسف کی زندگی عوامی مقامات پر سرفراز کئے جانے سے پہلے خفیہ مقامات میں ٹیسٹ کی گئی۔

یاد رکھئے کہ کئی بار ہمیں اُوپر جانے کے لئے دوسری چیزوں کو چھوڑنا ہوتا ہے اور اکثر ہمیں چیلنج کیا جاتا ہے کہ اپنے غلط رویوں اور زندگی کے نامناسب طور طریقوں کو چھوڑ دیں تاکہ یہ ہمیں خدا کے بہترین معیار تک پہنچنے سے باز نہ رکھ سکیں۔ کبھی بھی زندگی کے اُن چیلنجوں کے بارے میں شکایت نہ کریں جو آپ کو خدا کے قریب کر دیتے ہیں۔

**آج کی دعا:** باپ! میری مدد کر کہ مَیں زندگی کے چھوٹے چھوٹے کاموں میں جو تُو مجھے دیتا ہے دیانت دار رہوں۔ مجھے یاد دلا کہ مجھے بائبل پڑھنی ہے، باقاعدگی سے دعا کرنی ہے، روز پرستش کرنی ہے اور اپنے ایمان کی گواہی دینی ہے۔ مَیں حالات کے باوجود قائم رہوں گا۔ اُن چیزوں کو میرے رستے سے ہٹا دے جو میری دوڑ میں رکاوٹ ہیں۔

**آج کی آیات:**

متی 21:25

'' اُس کے مالک نے اُس سے کہا اے اچھے اور دیانت دار نوکر شاباش! تُو تھوڑے میں دیانت دار رہا۔ مَیں تجھے بہت چیزوں کا مختار بناؤں گا۔ اپنے مالک کی خوشی میں شریک ہو۔''

رومیوں 2:12

'' اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صورت بدلتے جاؤ تاکہ خدا کی نیک اور پسندیدہ اور کامل مرضی تجربہ سے معلوم کرتے رہو۔''

## مئی 14

''خدا آپ کے ماضی میں نہیں اٹکا ہوا۔''

کیا آپ جانتے ہیں کہ خدا آپ کے ماضی کو یاد بھی نہیں کرتا؟ نہ صرف ہمارے گناہوں اور کمزوریوں کو بلکہ وہ ہمارے ماضی کی کمزوریوں کو بھی یادنہیں کرتا۔۔۔ زندگی میں وہ موقعے جن کے بارے میں آپ سوچتے ہیں کہ آپ نے اپنی ذاتی قدر کھو دی، وہ عزت جو آپ نہیں پا سکے، وہ ترقی جو آپ پانے میں ناکام ہو گئے اور وہ وقت جب آپ زندگی کے ٹیسٹ میں فیل ہوئے۔

خدا آپ کے ماضی سے زیادہ آپ کے مستقبل میں دلچسپی رکھتا ہے۔ ایک وجہ ہے کہ ونڈ سکرین پیچھے دیکھنے والے شیشے سے بڑی کیوں ہوتی ہے۔ خدا کے ساتھ اپنے مستقبل پر غور کریں اور ماضی کو پیچھے چھوڑ دیں۔ آپ کی زندگی کے لئے خدا کا منصوبہ ابھی آنے کو ہے۔ وہ آپ کے ماضی میں نہیں اٹکا ہوا۔

**آج کی دعا:** باپ! ماضی کے لئے مَیں تیرا شکر کرتا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں تمام تجربوں سے سیکھ سکوں۔ مَیں اپنی غلطیوں کو تیرے ساتھ مستقبل کی بنیاد پر چیک کروں گا۔ مَیں تیرے ارادوں کو جو میرے لئے ہیں جانتا ہوں، ایک مستقبل اور اُمید کا ارادہ اور ایک بہتر کل کی اُمید۔ مَیں اپنے عظیم مستقبل کے لئے پیشگی تیرا شکر کرتا ہوں!

**آج کی آیات:**

میکاہ 19:7

'' وہ پھر ہم پر رحم فرمائے گا۔ وہی ہماری بدکاری کو پامال کرے گا اور اُن کے سب گناہ سمندر کی تہہ میں ڈال دے گا۔''

یرمیاہ 11:29

'' کیونکہ مَیں تمہارے حق میں اپنے خیالات کو جانتا ہوں خداوند فرماتا ہے یعنی سلامتی کے خیالات۔ برائی کے نہیں تا کہ مَیں تم کو نیک انجام کی اُمید بخشوں۔''

زبور 12:103

'' جیسے پورب پچھّم سے دُور ہے ویسے ہی اُس نے ہماری خطائیں ہم سے دُور کر دیں۔''

عبرانیوں 12:8

'' اِس لئے کہ مَیں اُن کی ناراستیوں پر رحم کروں گا اور اُن کے گناہوں کو پھر کبھی یاد نہ کروں گا۔''

# مئی 15

''جو کچھ آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں شاید آپ سے وہ سب کچھ لے لے جو آپ کے پاس ہے۔''

بائبل ایک شخص کے بارے میں کہانی بتاتی ہے جس کو کھیت میں چھپا خزانہ مل گیا۔ وہ اِتنا خوش تھا کہ اُس نے وہ سب کچھ جو اُس کے پاس تھا بیچ ڈالا اور کھیت کو مول لے لیا۔ اُس کی نظر میں خزانے کی یہ قدر تھی۔ یسوع نے کہا ہماری نظر میں اُتنی ہی قدر مسیحی ہونے کی ہونی چاہئے (متی13:44 )۔لیکن کیوں؟ آیئے اِس کا جواب ایک اَور سوال کے ذریعے ڈھونڈیں۔۔۔

آپ اُس شخص کے بارے میں کیا سوچتے ہیں جس کو کائنات کے خالق نے بھیجا ہو، وہ سب کچھ حاصل کر سکتا ہو جو وہ چاہتا ہے اوراُس نے اِس اُمید پر سب سے بڑی قیمت عطا کر دی ہو کہ وہ (خدا) اُس شخص کے ساتھ ایک رشتے کا آغاز کر سکے؟ یہ شخص ایک خاص خزانہ لگتا ہے۔۔۔ اور وہ شخص آپ ہیں۔بالکل یسوع کی کہانی کے شخص کی طرح خدا نے بھی اپنا بہترین اور سب کچھ دے دیا تاکہ وہ آپ کے ساتھ رشتے کو مول لے لے۔ چونکہ خدا آپ کو اِتنا پیار کرتا ہے تو آپ کو بھی اُس سے پیار کرنا اور اُس کی قدر کرنی چاہئے۔آپ خدا کے ساتھ رشتے کا آغاز کرنے کے لئے کیا قیمت ادا کریں گے؟

**آج کی دعا:** باپ! اِتنا زیادہ پیار کرنے کے لئے شکریہ۔ جو کچھ تُو نے میرے لئے کیا ہے اُس کے لئے مَیں تیرا شکریہ کیسے اَدا کروں؟ مجھ پر اپنا پیار ظاہر کر اور فضل بخش کہ مَیں اپنا قدر شناس بن سکوں۔

**آج کی آیات:**

لوقا 34:12

''کیونکہ جہاں تمہارا خزانہ ہے وہیں تمہارا دل بھی لگا رہے گا۔''

1- یوحنا 19:4

'' ہم اِس لئے محبت رکھتے ہیں کہ پہلے اُس نے ہم سے محبت رکھی۔''

# 16 مئی

’’ آپ ایک ایسے شخص کے بارے میں کیا سوچتے ہیں جسے کائنات کے خالق نے بھیجا ہو، جو سب کچھ جو وہ چاہتا ہے حاصل کر سکتا ہو، اور وہ اِس اُمید سے بہت بڑی ناقابلِ تصور قیمت ادا کر دے کہ اُس (خدا) کا اُس شخص کے ساتھ رشتہ اُستوار ہو جائے۔‘‘

ایک چیز کی قیمت کا اندازہ اکثر ایسے لگایا جاتا ہے کہ ایک شخص اُس چیز کی کیا قیمت دینے کے لئے رضا مند ہے۔ خدا نے جہان سے ایسا پیار کیا کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا مصلوب ہونے کے لئے دے دیا تاکہ آپ کے ساتھ رشتے کا آغاز کر سکے۔ اُس نے اُس موقعے کو خرید لیا جس کا وہ تصور کرتا تھا کہ ہر شخص اُس کا فرزند بن جائے۔

جب بھی ہم گلی، مارکیٹ یا اپنے ماحول میں لوگوں کے پاس سے گزرتے ہیں تو ہمیں ہر ایک کی قیمت خدا کے بیٹے کے برابر سمجھنی چاہئے اور پھر اُسی طرح سے دوسروں سے پیش آنا چاہئے جیسے خدا ہم سے پیش آیا ہے۔ مسیح کے لئے ہمیں ہر شخص کی نسل، جنس، قومیت یا معاشی رتبے سے بڑھ کر پیش آنا چاہئے جیسے کہ خدا ہمارے ساتھ پیش آتا ہے۔

**آج کی دعا:** خداوند! میری مدد کر کہ مَیں تمام انسانوں کو اِس نظر سے دیکھوں کہ تیرے بیٹے نے اُن کے لئے جان دی ہے۔ میری مدد کر کہ مَیں اُن کو قبول کروں اور مسیح میں بطور بھائی یا بہن اپنے روحانی خاندان میں شامل کروں۔ میرے رستے کو صاف کر اور مجھے معاف کر جہاں مَیں نے دوسروں کو حقیر جانا ہے۔ آمین

**آج کی آیات:**

افسیوں 32:4

’’ اور ایک دوسرے پر مہربان اور نرم دل ہو اور جس طرح خدا نے مسیح میں تمہارے قصور معاف کئے ہیں تم بھی ایک دوسرے کے قصور معاف کرو۔‘‘

یوحنا 34:13

’’ مَیں تمہیں ایک نیا حکم دیتا ہوں کہ ایک دوسرے سے محبت رکھو کہ جیسے مَیں نے تم سے محبت رکھی تم بھی ایک دوسرے سے محبت رکھو۔‘‘

1- یوحنا 4:7-8

’’ اے عزیزو! آؤ ہم ایک دوسرے سے محبت رکھیں کیونکہ محبت خدا کی طرف سے ہے اور جو کوئی محبت رکھتا ہے وہ خدا سے پیدا ہوا ہے اور خدا کو جانتا ہے۔ جو محبت نہیں رکھتا وہ خدا کو نہیں جانتا کیونکہ خدا محبت ہے۔‘‘

اعمال 34:10

’’ پطرس نے زبان کھول کر کہا اب مجھے پورا یقین ہو گیا کہ خدا کسی کا طرف دار نہیں۔‘‘

# 17 مئی

''ایک بڑے مسئلے کو خوف کی وجہ سے دین دارانہ اصلاح کے حوالے نہ کرنا احمقانہ عمل اور دھوکے کا ساتھ دینے کے برابر ہے۔''

''نمائشی انکار''(plausible deniability ) یک ایسے موقعے کا بیان کرتا ہے جس میں کوئی شخص حقیقی علم حاصل کرنے سے انکار کرے کیونکہ وہ سوچتا ہے کہ اُس سچائی کا کوئی وجود نہیں یا نہ جاننا ہی اُس کے حق میں ہے۔ قانونی معاملات میں وکیل اِسی حربے کو استعمال کرتے ہیں تاکہ اخلاقی الزامات سے بچا جا سکے۔ ہوسکتا ہے سیاست میں حکام اِس کو استعمال کرتے ہوں تاکہ اُس کام سے بچا جا سکے جس سے وہ منسلک ہیں اور گھر میں ایک بچہ شاید اِسی بات کو استعمال کرے اور اُس مشکل سے باہر آئے جو اُس نے خود پر بلائی ہے ---- ''پر مَیں نہیں جانتا تھا!''

سچ یہ ہے کہ عام طور پر کوئی بھی کام کرنے سے پہلے ہم جانتے ہیں کہ ہماری سوچ اور ارادے غلط ہیں۔ خدا کا کلام بتاتا ہے کہ روح القدس آکر دنیا کو گناہ کے بارے میں قصوروار ٹھہرائے گا اور ایمان داروں کو سچائی کی راہ دکھائے گا (یوحنا 8:16, 13)۔ ایک بڑے مسئلے کو خوف کی وجہ سے دین دارانہ اصلاح کے حوالے نہ کرنا احمقانہ عمل اور دھوکے کا ساتھ دینا ہے۔ یہ اِس کے برابر ہے کہ کہا جائے ''مَیں جانتا ہوں کہ یہ غلط ہے لیکن مَیں پھر بھی یہ کروں گا۔'' اور یہ طرزِ عمل بہت خطرناک ہے۔

**آج کی دعا:** خداوند! مَیں تجھے خوش کرنا چاہتا ہوں۔ کئی بار اپنی سوچ کو تیرے منصوبوں کے ساتھ منسلک کرنا مشکل ہوتا ہے۔ مجھ سے واضح طور پر بول اور میرے دل کو تبدیل کر دے تاکہ مَیں وہ چاہوں جو تُو چاہتا ہے۔ میرے کردار کو تعمیر کرتا جا اور مجھے دکھا کہ کیسے تیرا ساتھ دوں اور مجھے اچھے اصلاح کرنے والے بخش دے۔

**آج کی آیات:**

اَمثال 1:18

''جو اپنے آپ کو سب سے الگ رکھتا ہے اپنی خواہش کا طالب ہے اور ہر معقول بات سے برہم ہوتا ہے۔''

یوحنا 3:20-21

''کیونکہ جو کوئی بدی کرتا ہے وہ نور سے دشمنی رکھتا ہے اور نور کے پاس نہیں آتا۔ ایسا نہ ہو کہ اُس کے کاموں پر ملامت کی جائے۔ مگر جو سچائی پر عمل کرتا ہے وہ نور کے پاس آتا ہے تاکہ اُس کے کام ظاہر ہوں کہ وہ خدا میں کیئے گئے ہیں۔''

# مئی 18

''اکثر اوقات خدا چاہتا ہے کہ ہم ناممکنات کوممکن کرنے کی کوشش کریں۔''

خدا کا کلام ایسے لوگوں سے بھرا ہوا ہے جنھوں نے ناممکنات کا سامنا کر کے اُنہیں ممکن بنانے کی کوشش کی۔ ایسی ہی ایک کہانی نعمان کوڑھی کی ہے۔ الیشع نے اُس کوچیلنج دیا کہ سات بار دریائے یردن میں غوطے لگائے تا کہ خدا اُسے شفا دے دے۔ نعمان کے بہت سے سوال تھے کیونکہ یہ کچھ صرف غیر عملی ہی نہیں بلکہ ناممکن بھی تھا۔ لیکن نعمان کے دوستوں نے اُس کی حوصلہ افزائی کی کہ ناممکن کوممکن بنانے کی کوشش کی جائے کیونکہ خدا کے نبی نے یہ فرمایا ہے۔ نعمان کی فرماں برداری کے نتیجے میں وہ مکمل شفا پا گیا۔

ہمیں بھی اِسی طرح زندگی کے چیلنجوں میں ناممکن کوممکن بنانے کی کوشش کرنی چاہئے کیونکہ ہمیں خدا سے کلام ملا ہے۔

**آج کی دعا:** اے خدا باپ! مجھ سے بول اور مجھے اپنی راہوں پر لے چل۔ مجھے فضل بخش کہ مَیں تیری آواز اور حوصلہ افزائی کو پہچانوں تا کہ ناممکن کو تیرے کہنے پرممکن بنا سکوں۔ باپ! میری مدد کر کہ مَیں دوسروں کی حوصلہ افزائی کروں کہ وہ اپنے حالات میں تجھ پر بھروسا کریں اور اپنی صلاحیتوں سے بڑھ کر صرف تجھ پر ایمان رکھیں۔

**آج کی آیات:**

2-سلاطین 5:13-14

'' تب اُس کے ملازم پاس آ کر اُس سے یُوں کہنے لگے اے ہمارے باپ! اگر وہ نبی کوئی بڑا کام کرنے کا حُکم تجھے دیتا تو کیا تُو اُسے نہ کرتا۔ پس جب وہ تجھ سے کہتا ہے کہ نہالے اور پاک صاف ہو جا تو کتنا زیادہ اِسے ماننا چاہئے؟ تب اُس نے اُتر کر مردِ خدا کے کہنے کے مطابق یردن میں سات غوطے مارے اور اُس کا جسم چھوٹے بچے کے جسم کی مانند ہو گیا اور وہ پاک صاف ہوا۔''

متی 19:26

'' یسوع نے اُن کی طرف دیکھ کر کہا کہ یہ آدمیوں سے تو نہیں ہوسکتا ؟ لیکن خدا سے سب کچھ ہو سکتا ہے۔''

مرقس 9:23

'' یسوع نے اُس سے کہا کیا! اگر تُو کر سکتا ہے ! جو اعتقاد رکھتا ہے اُس کے لئے سب کچھ ہوسکتا ہے۔''

# مئی 19

''آپ کی ذاتی حفاظت اور سلامتی خدا کی اوّلین ترجیح نہیں تھی جب اُس نے کہا کہ'' جاؤ اور شاگرد بناؤ۔''

پوری دنیا میں بہت سے مسیحیوں کو''امریکن ڈرِیم تھیالوجی'' کا سامنا ہے۔'' امریکن ڈرِیم تھیالوجی'' خدا کے کلام کو یوں سمجھاتی ہے کہ ہر ایما ن دار کو اُن کے نجات دہندہ نے بنیادی حقوق دیئے ہیں جس میں زندگی ، آزادی اور خوشی کا پیچھا کرنا شامل ہیں۔ جب کہ کلام اِس کے اُلٹ ''کنگڈم تھیالوجی'' کا بیان کرتا ہے جو کہ ہم سے اپنا انکار، صلیب اٹھانے اور یسوع کے پیچھے چلنے کا مطالبہ کرتی ہے۔

بے شک خدا آپ کی صحت اور سلامتی میں یقیناً دلچسپی رکھتا ہے، لیکن شاید یہ بات اُس کی اوّلین ترجیح نہ ہو جب یہ دیکھا جائے کہ لوگ اب بھی کھوئے ہوئے ہیں، مر رہے ہیں اور دوزخ میں جا رہے ہیں۔ تو ہمیں لازمی اپنی زندگی کے لئے خدا کی مرضی کوجاننا چاہیئے تا کہ وہ ہمیں ذاتی طور سے اور ہمارے کامیابی کے خوابوں پر اثر انداز ہو سکے۔

**آج کی دعا:** خداوند! یہ دنیا تیری ہے میری نہیں۔ کئی بار مَیں بھول جاتا ہوں کہ یہ زندگی صرف میرے بارے میں نہیں۔ میرے دل کو تبدیل کر تا کہ مَیں وہ چاہوں جو تُو چاہتا ہے اور مَیں اُس چیز سے متاثر ہوؤں جس سے تُو متاثر ہوتا ہے۔ مَیں جانتا ہوں کہ بعض جگہوں پر ''بھوکے لوگ'' ہیں۔ مجھے دکھا کہ مَیں اُن کے ساتھ کیسے اپنی چیزیں بانٹ سکوں۔

**آج کی آیات:**

متی 24:16

'' اُس وقت یسوع نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ اگر کوئی میرے پیچھے آنا چاہے تو اپنی خودی کا انکار کرے اور اپنی صلیب اُٹھائے اور میرے پیچھے ہو لے۔''

زبور 10:46

''مَیں قوموں کے درمیان سربلند ہوں گا۔مَیں ساری زمین پر سربلند ہوں گا۔''

متی 10:6

'' تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔''

# مئی 20

'' خدا کا کلام دونوں باتوں کا بیان کرتا ہے، جو کچھ اُس نے کیا ہے اور جو وہ کرے گا۔''

اگر ہم صرف بائبل مقدس پڑھیں تو ہم وہ دیکھتے ہیں جو خدا کر چکا ہے۔ بائبل تاریخ کی طرح دیکھی جاتی ہے اور یہ ظاہر کرتی ہے کہ خدا ماضی میں کہاں رہا ہے، اُس نے ماضی میں کیا کِیا ہے اور کیسے کِیا ہے۔ لیکن بائبل تاریخ سے بڑھ کر ہے۔۔۔ یہ جیتا جاگتا عہد ہے، صرف یہی نہیں کہ خدا نے کیا کِیا ، بلکہ اِس بارے میں بھی جو وہ کرے گا۔ خدا آج، کل اور ابد تک یکساں ہے۔ خدا کا کلام پڑھنا شروع کریں تاکہ آپ دونوں باتوں کو جان سکیں کہ خدا نے کیا کِیا ہے اور وہ کیا کرے گا۔ خدا کیا کرنا چاہتا ہے؟ وہی کچھ جو وہ کر چکا ہے۔

خدا چاہتا ہے کہ لوگ خوش خبری سنیں، شکستہ دلوں کو شفا دیں، جکڑے ہوؤں کو آزاد کریں، اندھوں کو بینائی دیں، خستہ حال لوگوں کو آزاد کریں اور خدا کے عظیم دن کی منادی کریں اور یہ کچھ وہ آپ کے ذریعے کرنا چاہتا ہے۔

آج کی دعا: اَے خدا ! مَیں تجھے جاننا چاہتا ہوں۔ مَیں وہاں پر آنا چاہتا ہوں جہاں پر تُو ہے اور مَیں اُس کام میں تیرا ساتھ دینا چاہتا ہوں جو تُو کر رہا ہے۔ مجھ پر اپنا آپ ظاہر کر اور مجھے دِکھا کہ مَیں آج تجھے کل سے بہتر کیسے جان سکتا ہوں؟ مجھے وہ آنکھیں دے جو تجھے دیکھیں، کان جو تجھے سنیں، ہاتھ جو تجھے پکڑے رکھیں اور پاؤں جو تیرے پیچھے چلیں۔

آج کی آیات:

عبرانیوں 8:13

'' یسوع مسیح کل اور آج بلکہ ابد تک یکساں ہے۔''

لوقا 4:18-19

'' خداوند کا رُوح مجھ پر ہے۔ اِس لئے کہ اُس نے مجھے غریبوں کو خوش خبری دینے کے لئے مسح کیا۔ اُس نے مجھے بھیجا ہے کہ قیدیوں کو رہائی اور اندھوں کو بینائی پانے کی خبر سناؤں۔ کچلے ہوؤں کو آزاد کروں۔ اور خداوند کے سالِ مقبول کی منادی کروں۔''

# 21 مئی

## '' راضی نہ ہونے کو اپنی سمت سمجھ کر غلطی نہ کریں۔''

بہت سارے لوگ نازک لمحات میں غلط فیصلے کرتے ہیں کیونکہ جو کچھ اُن کے پاس ہے، جہاں وہ ہیں یا جو وہ کر رہے ہیں اُس میں وہ اپنے آپ کو ناخوش پاتے ہیں۔ اگر آپ اپنی نوکری، بیوی، خاندان یا کلیسیا سے ناخوش ہیں تو یہ اِس چیز کی نشان دہی نہیں کرتا کہ کسی اَور کی تلاش میں اِن کو پھینک دیا جائے۔ ناخوش ہونا اکثر اِس بات کی نشان دہی کرتا ہے کہ لوگوں کو اپنے رویے اور مروت میں تبدیلی کی ضرورت ہے۔

"greener grass" کی سوچ جھوٹی اُمید اور خالی وعدہ ثابت ہوئی ہے ۔ جو آپ کے پاس ہے وہ ویسا ہی دِکھے گا جیسا ابتدا میں آپ کو مِلا تھا جب تک کہ آپ اپنے آپ کو تبدیل نہ کریں گے۔ راضی نہ ہونے کو اپنی سمت سمجھ کر غلطی نہ کریں۔ حاجرہ کے معاملے میں ابرہام اور سارہ سے ذرا پوچھیں۔۔۔

**آج کی دعا:** پیارے آسمانی باپ! مجھے اپنی راہ کی تعلیم دے ۔ میرے دل کی چھان بین کر تا کہ مَیں اپنی زندگی کے لئے تیرے رستے کو جان جاؤں۔ مَیں ناخوش ہو کر تیری مرضی سے باہر جانے کو رَدّ کرتا ہوں۔ مجھے اپنے کلام سے بھر اور میرے قدموں کی راست رستوں پر میری راہنمائی کر۔ جیسے جیسے مَیں تیری بادشاہی کو ڈھونڈتا ہوں مجھے بڑی برکات اور کثرت کی خوشی سے بڑھا۔ یسوع نام میں۔ آمین

**آج کی آیات:**

پیدائش 16 باب

فلپیوں 11:4

'' یہ نہیں کہ مَیں محتاجی کے لحاظ سے کہتا ہوں کیونکہ مَیں نے یہ سیکھا ہے کہ جس حالت میں ہوں اُس پر راضی رہوں۔''

1- تیمتھیس 6:6

'' ہاں دین داری قناعت کے ساتھ بڑے نفع کا ذریعہ ہے۔''

متی 33:6

'' بلکہ تم پہلے اُس کی بادشاہی اور اُس کی راست بازی کی تلاش کرو تو یہ سب چیزیں بھی تم کو مِل جائیں گی۔''

# 22 مئی

## ''خزانہ کشش کا ذریعہ ہے لیکن کھیت ملکیت ہیں۔''

متی کی انجیل آسمان کی بادشاہی کے بارے میں ایک تمثیل کو بیان کرتی ہے۔ یہ اُس آدمی کی مانند ہے جس کو چھپا خزانہ ملا تو اُس نے جا کر سب کچھ بیچ ڈالا اور اُس کھیت کو مول لے لیا۔ دیکھئے اُس نے خزانے کو نہیں بلکہ کھیت کو خریدا۔ خزانہ کشش کا ذریعہ تھا لیکن کھیت ملکیت تھا۔

ایسے شخص کے بارے میں سوچیں جو نوکری، پوزیشن، شادی اور خاندان کو صرف کشش کی بنیاد پر، اِس بات کا احساس کئے بغیر قبول کرتا ہو کہ خزانہ کھیت کے ساتھ آتا ہے اور کھیت پر کام کیا جانا لازمی ہے۔ یہ سونے اور ہیرے جواہرات سے فرق نہیں، زندگی کے کھیتوں میں خزانے چھپے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ نے کشش سے شادی کی ہو لیکن اب آپ کھیت کے ساتھ جڑے ہیں۔ اگر اب بھی آپ کو خزانہ چاہئے تو آپ کو کھیت پر مسلسل کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اور یاد رکھئے کہ جو کچھ آپ کو کسی چیز کو پانے کے لئے کرنا پڑتا ہے وہی کچھ اُسے قائم رکھنے کے لئے بھی کرنا پڑتا ہے۔

آج کی دعا: پیارے یسوع! مَیں اپنے آپ کو اُن کھیتوں میں دوبارہ کام پر لگاتا ہوں جن میں تُو نے مجھے رکھا ہے۔ میری مدد کر کہ مَیں محنت کر کے اُن سے پھل حاصل کروں۔ مجھے قوت اور اپنا نظریہ دے تاکہ مَیں اپنے سامنے ہونے والے کام سے دھوکا نہ کھاؤں۔ اور خداوند دوسروں کو فضل دے کہ وہ میری زندگی میں کام کریں اور مَیں اُن کے لئے پریشانی کا باعث نہ بنوں۔ مَیں تیرے نام میں اِن کی درخواست کرتا ہوں۔ آمین

آج کی آیت:

متی 44:13

''آسمان کی بادشاہی کھیت میں چھپے خزانہ کی مانند ہے جسے کسی آدمی نے پا کر چھپا دیا اور خوشی کے مارے جا کر جو کچھ اُس کا تھا بیچ ڈالا اور اُس کھیت کو مول لے لیا۔''

# مئی 23

## ''خدا نے اپنا اضافی نہیں بلکہ اکلوتا بیٹا دے دیا۔''

پرانے عہد نامے کے وقتوں میں خدا کے لوگوں کے گناہ صرف تب معاف ہو سکتے تھے اگر اُن کے لئے قیمت ادا کی جاتی۔جانور کا خون بہایا جانا ضروری تھا اور یہ قربانی بار بار چڑھانی پڑتی۔ خدا نے اپنے لوگوں کے لئے ایک بہتر رستے کا سوچا کہ اُن کو ہمیشہ کے لئے معاف کر دیا جائے۔ اُس نے کہا کہ یہ بیلوں اور بکروں کے خون کے ساتھ ممکن نہیں۔ اُس کے بیٹے کو اپنا خون بہانا پڑا اور اب ہم ہمیشہ کے لئے حفاظت میں ہیں۔

خدا نے اپنا اضافی نہیں بلکہ اکلوتا بیٹا دے دیا۔ خدا کو اپنا بہترین دینا پڑا اِس کے علاوہ اَور کوئی رستہ نہیں تھا۔ جس طرح کہ خدا نے اپنا بہترین بچا کرنہیں رکھا اُسی طرح ہمیں بھی اپنا بہترین دینا چاہیئے۔

**آج کی دعا:** باپ !مَیں یسوع کو اپنے گناہوں کی حتمی قربانی قبول کرتا ہوں۔مَیں ایمان رکھتا ہوں کہ اُس کا خون ہمارے درمیان مستقل عہد مہیا کرے گا۔اپنا بہترین اکلوتا بیٹا دینے کے لئے شکریہ۔ مسیح میں نئی زندگی کے لئے شکریہ۔ میری مدد کر کہ مَیں ہر روز تیری دی ہوئی قیمت کی عزت میں جیوں جو تُو نے میری نجات کے لئے دی ہے۔

**آج کی آیات:**

یوحنا 16:3

''کیونکہ خدانے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جوکوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے ۔''

1- کرنتھیوں 6:19-20

''کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارا بدن روح القدس کا مقدِس ہے جوتم میں بسا ہوا ہے اورتم کو خدا کی طرف سے ملا ہے؟ اورتم اپنے نہیں،کیونکہ قیمت سے خریدے گئے ہو۔''

# مئی 24

''دنیا کو بچانے کے لئے مریم کو اپنے پہلوٹھے کی قربانی دینا پڑی۔''

جب خدا کچھ کرتا ہے تو وہ لوگوں کو شامل کرتا ہے۔ ہماری زندگی میں اُس کے منصوبے کے ساتھ موقعے آتے ہیں جن میں شامل ہوسکتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ نجات یسوع کے ذریعے مفت ہے کیونکہ اُس نے ہماری رہائی کی قیمت ادا کر دی ہے ۔

جب سے یسوع مسیح نے ارشادِ اعظم دیا ہے تب سے خادموں اور مبشروں نے اپنے گھر بار، آرام و آسائش اور زندگیاں بھی اِس مقصد کے لئے دے دیں کہ انجیل قوموں تک پہنچ سکے۔ جب خدا نے بنی اسرائیل کو مصر سے آزاد کیا تو موسیٰ کا کام مشکل تھا۔ آستر کا کردار خطرناک تھا جب خدا نے یہودیوں کو یقینی موت سے بچایا۔ دنیا کو بچانے کے لئے مریم کو اپنے پہلوٹھے کی قربانی دینا پڑی۔ خدا کے منصوبے کو اپنی زندگی میں پورا کرنے کے لئے آپ کیا قیمت ادا کر رہے ہیں؟ کیا آپ ہاں کہنے کے لئے تیار ہیں، میری نہیں بلکہ تیری مرضی پوری ہو؟

**آج کی دعا:** باپ! مَیں نے یہ جانا ہے کہ تُو نے میرے لئے قیمت ادا کی ہے، اور میری زندگی اب تیری ہے۔ تیرے اُس اچھے منصوبے کے لئے مَیں تیرا شکر کرتا ہوں جو میری زندگی کے لئے ہے۔ میرے خیالات کو اپنے خیالات سے متفق کر اور اپنے عظیم منصوبے میں مجھے میرا کردار دکھا۔ میری مدد کر کہ مَیں فرماں بردار رہوں۔ مَیں جانتا ہوں کہ مَیں مسیح میں رہ کر سب کچھ کرسکتا ہوں جو مجھے طاقت بخشتا ہے۔

**آج کی آیات:**

متی 24:16

'' اُس وقت یسوع مسیح نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ اگر کوئی میرے پیچھے آنا چاہے تو اپنی خودی کا انکار کرے اور اپنی صلیب اٹھائے اور میرے پیچھے ہو لے۔''

لوقا 38:1

'' مریم نے کہا دیکھ مَیں خداوند کی بندی ہوں۔ میرے لئے تیرے قول کے موافق ہو۔ تب فرشتہ اُس کے پاس سے چلا گیا۔''

# مئی 25

## '' خدا کی شہرت کو ہلانا آسان نہیں۔''

خدا کی شہرت یہ ہے کہ وہ بھلا خدا ہے، پیار کرنے والا خداہے، ایسا خدا ہے جو نرم دل اور مہربان، قابلِ اعتبار اور سچا ہے۔ تاہم خدا کی تاریخ اپنے دشمنوں کے خلاف سخت، گناہ کے بارے میں سنگین، اور ہر جنگ جیتنے کا تہیہ کرنے کی ہے۔ دوسرے الفاظ میں یہ کہ خدا پر ایسا خدا ہونے کے لئے بھروسا کیا جا سکتا ہے جیسا وہ ہمیشہ سے تھا اور ہمیشہ تک رہے گا۔ اُس کی شہرت کو ہلانا آسان نہیں۔

خدا نے ملاکی نبی کے ذریعے کہا کہ مَیں خدا ہوں، مَیں بدلتا نہیں۔ ہم اِس بات پر بھروسا کر سکتے ہیں کہ جیسا ہم نے خدا کو ہمیشہ سے دیکھا ہے وہ ویسا ہی رہے گا۔ وہ جو آپ سے پیار کرتا ہے اور جس نے اپنا بیٹا آپ کے لئے بخش دیا آپ کو کبھی نہیں چھوڑے گا اور نہ کبھی آپ سے دست بردار ہو گا۔ خدا بھلا ہے۔

**آج کی دعا:** خداوند، آسمان کے خدا! تُو عظیم اور مہیب ہے۔تُو وفاداری سے اپنے وعدوں پر قائم رہتاہے جو تُو نے اُن سے کئے ہوتے ہیں جو تجھ سے پیار کرتے ہیں اور تیرے احکام پر عمل کرتے ہیں۔مہربانی سے اُن وعدوں کو یاد رکھنا جو تُو نے کئے ہیں۔ تُو نے کہا تھا کہ ہمارا گناہ ہمیں تجھ سے جدا کر دے گا، لیکن تُو نے یہ بھی کہا تھا کہ جتنی بھی دُور ہم بھٹک جائیں، اگر ہم اپنے گناہوں کا اقرار کریں گے اور تیری فرماں برداری کریں گے، تو تُو ہمیں معاف کرے گا اور ہمارے رشتے کو اپنے ساتھ بحال کرے گا۔

**آج کی آیات:**

گنتی 19:23

'' خدا انسان نہیں کہ جھوٹ بولے اور نہ وہ آدم زاد ہے کہ اپنا ارادہ بدلے۔ کیا جو کچھ اُس نے کہا اُسے نہ کرے؟ یا جو فرمایا ہے اُسے پورا نہ کرے؟''

زبور 34:89

''مَیں اپنے عہد کو نہ توڑوں گا اور اپنے منہ کی بات کو نہ بدلوں گا۔''

یعقوب 17:1

'' ہر اچھی بخشش اور کامل انعام اُوپر سے ہے اور نوروں کے باپ کی طرف سے ملتا ہے جس میں نہ کوئی تبدیلی ہوسکتی ہے اور نہ گردش کے سبب سے اِس پر سایہ پڑتا ہے۔''

# 26 مئی

''جو آپ خدا کا انتظار کرتے ہوئے کرتے ہیں اِس بات کا فیصلہ کرسکتا ہے کہ آپ کتنا انتظار کرتے ہیں۔''

داؤد خدا کا انتظار کرنے کے مطلب کو جانتا تھا۔ وہ سولہ سال کی عمر میں بادشاہ ہونے کے لئے مسح کیا گیا، لیکن تیس سال کی عمر تک بادشاہ بنا۔ یہ لگ سکتا ہے کہ خدا دعا کا جواب نہیں دے رہا یا ہمارے حالات کی جلد بازی کو نہیں سمجھ رہا۔ اِس طرح کی سوچ اِس بات کو جنم دیتی ہے کہ خدا ٹھیک کام نہیں کر رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ خدا انتظار کو اِستعمال کرتا ہے کہ ہمیں تازہ کر سکے، نیا کر سکے اور ہمیں ہمارے عظیم دن کے لئے تیار کر سکے۔ ہم اپنے انتظار کے وقت کو اچھا اِستعمال کر سکتے ہیں اگر ہم خدا کے ساتھ رشتہ قائم کر لیں اور اُس کی مرضی پوری کرنے کی تیاری کریں۔

جو آپ خدا کا انتظار کرتے ہوئے کرتے ہیں اِس بات کا فیصلہ کر سکتا ہے کہ آپ کتنا انتظار کرتے ہیں۔ اپنے وقت کا مثبت انداز میں اِستعمال کریں۔

**آج کی دعا:** خدا ! مَیں تیرا انتظار کرتا ہوں کیونکہ تُو اِس لائق ہے کہ تیرا انتظار کیا جائے۔ جیسے جیسے مَیں اپنی توجہ کا مرکز تجھے بناتا ہوں مجھے مکمل اطمینان میں رکھنے کے لئے شکریہ۔ میرے دل کی آرزو تُو ہے۔ تُو میری نجات اور میری چٹان ہے، میری اُمید تجھ سے ہے۔ جب تک تُو اپنی مرضی کو ظاہر نہیں کرتا مَیں صبر اور راستی کو سیکھوں گا۔

**آج کی آیات:**

زبور 40:1-3

''مَیں نے صبر سے خداوند پر آس رکھی۔ اُس نے میری طرف مائل ہو کر میری فریاد سُنی۔ اُس نے مجھے ہولناک گڑھے اور دَلدل کی کیچڑ میں سے نکالا اور اُس نے میرے پاؤں چٹان پر رکھے اور میری رَوِش قائم کی۔ اُس نے ہمارے خدا کی ستایش کا نیا گیت میرے مُنہ میں ڈالا۔ بہتیرے دیکھیں گے اور ڈریں گے اور خداوند پر توکل کریں گے۔''

# مئی 27

''کبھی کبھی وعدہ کئے ہوئے ملک میں وہ چیزیں نہیں ملتیں جن کا وعدہ کیا ہوتا ہے۔''

بنی اسرائیل کو موسیٰ نے بتایا کہ خدا اُن کو مصر کی غلامی سے نکال کر دودھ اور شہد کے ملک میں لے جانے کو ہے۔ اُن کو بتایا گیا تھا کہ اُس ملک میں وہ روٹی کسی بھی کمی کے بغیر کھائیں گے، ایسے کنوؤں سے پانی پئیں گے جنہیں اُن کو کھودنا نہیں پڑے گا، اُن کو کسی اچھی چیز کی کمی نہیں ہو گی اور اُن کو اُن کے دشمنوں سے آرام ملے گا۔ لیکن کبھی کبھی وعدہ کئے ہوئے ملک میں داخل ہوتے ہوئے وہ چیزیں نہیں ملتیں جن کا وعدہ کیا ہوتا ہے۔

بے شک ملکِ کنعان میں وہ کچھ تھا جس کا وعدہ کیا گیا تھا، لیکن اِس وقت وہ دشمنوں سے بھرا ہوا تھا جن پر غالب آنا ضروری تھا۔ جیسے ہی وہ خدا کے ساتھ آگے بڑھے اُس نے وہ کچھ کر دکھایا جس کا اُس نے وعدہ کیا تھا۔ لیکن اُس نے یہ اُن کی مدد کے بغیر نہیں کیا۔ اگر کبھی وہ چیزیں آ جائیں جن کا وعدہ اُس نے نہ کیا ہو تو اُس کے ساتھ کام کرتے رہیں وہ اپنے وعدے کو پورا کرے گا۔

**آج کی دعا:** باپ! مَیں اپنے منصوبے کو تیرے تابع کرتا ہوں اور عہد کرتا ہوں کہ تیرے ساتھ کام کروں گا تا کہ تیرے خواب پورے ہوسکیں۔ خداوند مجھے دکھا کہ کیسے اپنے آپ کو محفوظ رکھوں اور اپنی زندگی میں تیرے وعدے کی طرف بڑھتا جاؤں۔ خداوند تیرا شکریہ۔ آمین

**آج کی آیات:**

متی 12:11

''اور یوحنا بپتسمہ دینے والے کے دنوں سے اب تک آسمان کی بادشاہی پر زور ہوتا رہا ہے اور زورآور اُسے چھین لیتے ہیں۔''

رومیوں 21:4

''اور اُس کو کامل اعتقاد ہوا کہ جو کچھ اُس نے وعدا کیا ہے وہ اُسے پورا کرنے پر بھی قادر ہے۔''

# مئی 28

'' جو چیز ہمارے پاس ہے جو کچھ ہم اُس سے کرتے ہیں اِس بات کا فیصلہ کرتا ہے کہ ہم اَور کیا حاصل کریں گے۔''

مسیح کی توڑوں کی تمثیل ہمیں اِس بات سے آگاہ کرتی ہے کہ ہماری برکتیں اور صلاحیتیں خدا کی نعمت ہیں اور یہ ہمیں خدمت کرنے کے لئے دی جاتی ہیں۔ اِسے مختاری کہتے ہیں جس کا تعلق صرف پیسے سے ہی نہیں بلکہ ہمارے توڑوں، وقت اور ذرائع سے بھی ہے۔ قیادت یہ ہے کہ ہم اُن نعمتوں کی حفاظت کریں جو خدا نے ہمیں دی ہیں۔ خدا شاید ہی آپ کو وہ دے گا جو وہ آپ کے ذریعے سے دوسروں کو نہیں دے سکتا۔

توڑوں کی تمثیل، اچھی مختاری، اور اُن چیزوں میں وفادار رہنا جن کا تعلق دوسروں سے ہے یہ سب یہ ظاہر کرتا ہے کہ آخر کار خدا ہم سے اُمید کرتا ہے کہ عقل مند مختار کی طرح ہم اپنی برکتوں سے دوسروں کے لئے برکت کا باعث بنیں۔ آپ کے پاس کیا ہے جسے خدا زمین پر اپنی بادشاہی کو بڑھانے کے لئے اِستعمال کر سکتا ہے؟ جو چیز ہمارے پاس ہے ہم اُس سے کیا کرتے ہیں اِس بات کا فیصلہ کرتا ہے کہ ہمیں اَور کیا ملے گا جسے ہم کام میں لا سکیں۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! اُن ذرائع کے لئے شکریہ جو صرف میرے لئے نہیں بلکہ دوسروں کے لئے بھی برکت کا باعث ہیں۔ جیسے جیسے مَیں وفادار رہتا ہوں مجھے بڑھا تاکہ مَیں تیرے لئے اَور کر سکوں۔

آج کی آیات:

لوقا 17:19

'' اُس نے اُس سے کہا اَے اچھے نوکر شاباش! اِس لئے کہ تُو نہایت تھوڑے میں دیانت دار نکلا اب تُو دس شہروں پر اختیار رکھ۔''

لوقا 10:16

'' جو تھوڑے میں دیانت دار ہے وہ بہت میں بھی دیانت دار ہے اور جو تھوڑے میں بددیانت ہے وہ بہت میں بھی بددیانت ہے۔''

# مئی 29

''خدا کوئی رہنما نہیں بناتا، صرف خادم بناتا ہے۔۔۔ خادم رہنما بناتے ہیں۔''

ذرا سوچیں کہ آپ کو اپنی ساری زندگی ایسی سیڑھی چڑھنا پڑے جس کے آخر میں آپ کو یہ پتا لگے کہ یہ سیڑھی غلط عمارت کے ساتھ کھڑی تھی۔ ہمیں بتایا جاتا ہے کہ بہت سے لوگ اپنی زندگی کا پہلا حصہ کامیابی تلاش کرنے میں اور آخری حصہ اہمیت تلاش کرنے میں لگا دیتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ دوسروں کی نظروں میں بڑے بننا چاہتے ہیں۔۔۔ آپ کس کی نظروں میں بڑے بننا چاہتے ہیں؟ جب کہ ساری دنیا رہنماؤں کی تلاش میں ہے تو خدا خادموں کی تلاش میں ہے۔

اگر آپ خدا کی بادشاہی میں بڑے بننا چاہتے ہیں تو آپ کو سب کا خادم بننا ہو گا۔ آپ میں سے جو بھی بڑا بننا چاہتا ہے وہ سب سے چھوٹا ہو جائے۔ یسوع خدمت کرنے کے لئے آیا نہ کہ خدمت کروانے۔ آپ اِس سے بہتر نہیں کر سکتے۔

**آج کی دعا:** باپ! یسوع کو دینے کے لئے شکریہ جو کامل مثال ہے۔ میری مدد کر کہ مَیں اُن کا خادم بن سکوں جو مجھے پیار کرتے ہیں اور اُن کا بھی خادم بنوں جن کو تُو نے میری زندگی میں پیار کئے جانے کے لئے رکھا ہے۔ مَیں لوگوں کی رہنمائی اُن کی خدمت کر کے کرنا چاہتا ہوں۔

**آج کی آیات:**

مرقس 45:10

''کیونکہ ابنِ آدم بھی اِس لئے نہیں آیا کہ خدمت لے بلکہ اس لئے کہ خدمت کرے اور اپنی جان بہتیروں کے بدلے فدیہ میں دے۔''

فلپیوں 5:2

''ویسا ہی مزاج رکھو جیسا مسیح یسوع کا بھی تھا۔''

مرقس 44:10

''اور جو تم میں اوّل ہونا چاہے وہ سب کا غلام بنے۔''

# مئی 30

''غیر ذمہ دار دیانت داری دوسروں کو تکلیف دیتی ہے، بے شک وہ سچ ہی کیوں نہ ہو۔''

کیا آپ کا وزن بڑھ رہا ہے؟ شاید یہ زیادہ کپڑوں کی وجہ سے ہے۔ آپ موٹے لگتے ہیں۔ خیر۔۔۔ یہ سچ ہے۔

ہمیں مسلسل موقعے دیئے جاتے ہیں کہ ہم وہ کچھ بولیں جو تکلیف دہ اور ناگوار ہوتا ہے جب کہ غیر ذمہ دارانہ اظہار سے بُرا کچھ نہیں۔ عام طور پر جو لوگ منہ پھٹ ہوتے ہیں دوسروں کو تکلیف دیتے ہیں اور اپنی باتوں کے پیچھے چھپ جاتے ہیں کہ'' یہ سچ ہے۔'' صرف اِس لئے کہ کوئی بات سچ ہے اِس کی اجازت نہیں دیتا کہ آپ اُس بات کو کسی بھی طرح دوسروں پر اثر کی پروا کئے بغیر کہہ دیں۔ بائبل ہمیں منع کرتی ہے کہ ایسے الفاظ نہ بولیں جو دوسروں کو ناگوار گزرتے ہیں اور وہاں بھی جہاں بادشاہی کے لئے کوئی فائدہ نہیں۔

**آج کی دعا:** خداوند ! مَیں اپنے خیال اور مُنہ کے الفاظ کو تیرے تابع کرتا ہوں۔ میرے مُنہ اور زبان کی حفاظت کر تا کہ مَیں اپنی باتوں سے دوسروں کو تکلیف نہ پہنچاؤں۔ باپ تیرا شکریہ۔

**آج کی آیات:**

یعقوب 2:3

'' اِس لئے کہ ہم سب کے سب اکثر خطا کرتے ہیں۔ کامل شخص وہ ہے جو باتوں میں خطا نہ کرے۔ وہ سارے بدن کو بھی قابو میں رکھ سکتا ہے۔''

افسیوں 29:4

'' کوئی گندی بات تمہارے مُنہ سے نہ نکلے بلکہ وہی جو ضرورت کے موافق ترقی کے لئے اچھی ہو تا کہ اُس سے سننے والوں پر فضل ہو۔''

زبور 141 :3

'' اے خداوند! میرے مُنہ پر پہرہ بٹھا۔ میرے لبوں کے دروازہ کی نگہبانی کر۔''

# مئی 31

''ہم میں سے کوئی بھی سب کچھ نہیں کرسکتا، لیکن ہم میں سے ہر کوئی کچھ تو کرسکتا ہے۔''

کلیسیا کو خدا نے ایک بڑی ذمہ داری دی ہے کہ ہر قوم میں سے شاگرد بنائے۔ اِس میں شفا دینا، منادی کرنا، تعلیم دینا، خیرات کرنا، انتظام سنبھالنا، تعمیر کرنا اور بہت سے کام ہیں۔ اگر ہمیں اکیلے یہ کام کرنا ہوتا تو ہم کوشش کئے بغیر ہی چھوڑ دیتے۔ یہ ناممکن ہوتا۔ لیکن خدا ہمیں اپنے بدن کے اعضا کہتا ہے کہ ایک کام ایک شخص کرے اور دوسرا کوئی اَور۔

ہم سب کچھ نہیں کر سکتے، لیکن ہم میں سے ہر کوئی کچھ تو کرسکتا ہے۔ مسیح کے بدن میں کامیابی کا راز یگانگت میں ہے کہ ہر کوئی اپنا کام پُرامن رہ کر کرے۔ ہم اکیلے نہیں بلکہ مل کر اُس کی خدمت کر سکتے ہیں۔ یہ انسان کی عادت ہے کہ وہ اُس چیز کو بڑھا چڑھا کر بتاتا ہے جو وہ اکیلا کر سکتا ہو اور اُس چیز کو گھٹا کر بتاتا ہے جو سب مل کر کر سکتے ہوں۔ مسیح کا بدن ہونے کے ناتے ہم مل کر اپنی سوچ سے بھی زیادہ کام کر سکتے ہیں۔ اپنی زندگی اور قوت کو دوسروں کے ساتھ جوڑیں تاکہ آپ کام کو مکمل کرسکیں۔

آج کی دعا: خداوند! مجھے یاد دِلا کہ مَیں زمین پر مسیح کے بدن کا حصّہ ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں دوسروں کے ساتھ مفید انداز میں اپنی زندگی کو جوڑ سکوں۔ میری زندگی میں لوگوں کو لانے کا شکریہ۔ مَیں جن کی خدمت کرتا ہوں، اُن کے لئے برکت کا باعث بن سکوں۔ شکریہ خداوند! آمین

**آج کی آیات:**

رومیوں 5:12

''اُسی طرح ہم بھی جو بہت سے ہیں مسیح میں شامل ہو کر ایک بدن ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کے اعضا۔''

واعظ 9:4

''ایک سے دو بہتر ہیں کیونکہ اُن کی محنت سے اُن کو بڑا فائدہ ہوتا ہے۔''

افسیوں 16:4

''جس سے سارا بدن ہر ایک جوڑ کی مدد سے پیوستہ ہو کر اور گٹھ کر اُس تاثیر کے موافق جو بقدر ہر حصّہ ہوتی ہے اپنے آپ کو بڑھاتا ہے تاکہ محبت میں اپنی ترقی کرتا جائے۔''